السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

گیارہویں :

وَالسَّلٰمُ عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدتُّ وَيَوْمَ أَمُوتُ وَيَوْمَ أُبْعَثُ حَيًّا ٣٣ ... سورة مريم

''اور جس دن میں پیدا ہوا اور جس دن مروں گا اور جس دن زندہ کر کے اٹھایا جاؤں گا مجھ پر اسلام اور رحمت ہے''

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

یہ آیت بھی پہلی آیت ہی کی طرح ہے اس میں اللہ تعالیٰ نے یہ بیان فرمایا ہے کہ تمام حالات میں انہیں امن و سلامتی حاصل رہے گی اس میں نہ تو ان کی مدت حیات کو بیان کیا گیا ہے اور ان کے وقت وفات کا ذکر ہے مدت حیات اور وقت وفات کے لئے ان دیگر نصوص کی طرف رجوع کرنا واجب ہے جن میں اس کا ذکر ہے جیسا کہ قبل ازیں اس کا بیان ہو چکا ہے۔

ہذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص38